15/06/2022

پریس اطلاعات بیورو
(اردو یونٹ)
محکمۂ اطلاعات و رابطۂ عامہ، اترپردیش، لکھنؤ

پھل پیدا کرنے والوں کی ہمہ جہت ترقی کیلئے سمینار کا انعقاد

لکھنؤ: ۱۵/جون ۲۰۲۲ء-

اترپردیش کے محکمۂ آبکاری کے ذریعہ ریاست میں پھلوں کی کھیتی کو فروغ دینے، پیدا پھلوں کو مناسب بازار فراہم کرانے اور کاشتکاروں کی آمدنی بڑھانے کیلئے آئندہ 29 جولائی 2022 کو یک روزہ سمینار کا انعقاد کیا جائیگا۔ اس میں ریاست کے پھل کاشتکاروں کو ان کی ہمہ جہت ترقی کیلئے وائنری/winery کے شعبہ میں ہو رہی نئی سرگرمیوں اور تکنیک سے مطلع کرایا جائیگا، جس سے پھل پیدا کرنے والے کاشتکاروں کو زائد پیدا اور باقی پھلوں کا صحیح استعمال ہو سکے نیز کاشتکاروں کو ان کے پھلوں کی اچھی قیمت حاصل ہوگی اور ان کی آمدنی میں اضافہ ہوگا۔

یہ فیصلہ آج یہاں ایڈیشنل چیف سکریٹری آبکاری جناب سنجے آر بھوس ریڈّی کی صدارت میں گنا سنستھان میں منعقد میٹنگ میں کیا گیا۔

☆☆☆☆☆